بسم الله الرحمن الرحيم
باذن الله تعالی
السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

🌷🌴🌷🌴🌷🌴🌷

📆 Monday, 26th March 2018

📼LEC BY USTAZ
DR. IDREES ZUBAIR

📘Islami Aqaid

🌴Lesson # 04 Part 9

🌷Topic: Ziker, Waseela

🌷 🌴 🌷 🌴 🌷 🌴 🌷

🌷تلاوت قرآن کریم
"قرآن مجید کی تلاوت کا بڑا اجر ہے۔ مفہومِ حدیث ہے " تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے

🌷ذکر و تسبیح
ذکر سے مراد اللہ تعالٰی کا ذکر کرنا، تسبیح (سبحان الله) تہلیل (لا إله إلا الله) وغیرہ کہنا۔ ذکر بہترین وسیلہ ہے۔

🌷 رسول اکرم ﷺ پر درود
یہ بھی مشروع وسائل میں سے ایک ہے بشرطیکہ یہ مسنون ہو۔ مفہومِ حدیث ہے "جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالٰی اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے" درود بہترین وسیلہ ہے۔

🌷 استغفار
اللہ تعالٰی سے مغفرت طلب کرنا اللہ کے نزدیک ایسا محبوب فعل ہے کہ اللہ نے اس کی تعریف اپنے قرآن میں یوں کی ہے؛

وَ بِالۡاَسۡحَارِ هُمۡ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ (١٨)
اور سحری کے اوقات میں وہ استغفار کرتے ہیں

مفہومِ حدیث: "جس نے استغفار کی پابندی کی اللہ تعالٰی اس کی ہر مشکل کو آسان کرے گا اور ہر تنگی کا راستہ نکالے گا اور اس کو وہاں سے رزق عطا فرمائے گا جو اس کے گمان میں بھی نہ ہو"

🔽 نبی ﷺ کا مسنون استغفار

رَبِّ اغْفِرْ وَتُبْ عَلَيَّ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيْم

🌷دعاء

بے شک دعا تمام وسائل میں سے پسندیدہ ترین وسیلہ ہے اللہ سبحان و تعالٰی نے سورہ بقرہ میں فرمایا؛

(وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیۡ عَنِّیۡ فَاِنِّیۡ قَرِیۡبٌ ؕ اُجِیۡبُ دَعۡوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ ....(۱۸۶

اورجب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں تو یقیناً میں قریب ہی ہوں،میں پکارنے والے کی دُعا قبول کرتا ہوں جب بھی وہ مجھے پکارتاہے۔

🌷 ایک دوسرے کے لیے دعائیں کرنا:
ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کے لئے دعائیں کرنا بہترین وسیلہ ہے۔ درجات کی بلندی ہوتی ہے دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں۔ نبی ﷺ بہت لوگوں کے حق میں دعائیں فرماتے تھے۔

مفہومِ حدیث ہے: "جس نے اپنے بھائی کی غیر حاضری میں اس کے لیے دعا کی تو اس پر مامور فرشتہ کہتا ہے آمین اور تیرے لیے بھی ایسا ہی ہو"

🌷 اسمائے حُسنٰی
اللہ تعالٰی کے ناموں کے ساتھ دعا مانگنا بھی بہترین وسیلہ ہے
کوئی مسلمان جو ان ناموں سے دعا مانگے گا نامراد نہ ہو گا۔

اللہ کے ناموں کے ساتھ دعا مانگنے کا طریقہ؛

یا ذَالجَلالِ وَ اْلاِکْرام
"مفہومِ حدیث ہے "نبی ﷺ نے ایک آدمی کو ایسے دعا مانگتے سنا تو فرمایا تیری دعا ضرور قبول ہو گی

اسی طرح آیت کریمہ کو بھی وسیلہ بنا کر دعا کی جا سکتی ہے۔

🌷 نیکی کرنا
کوئی بھی کام جو مومن صدق دل سے اللہ کی خاطر کرتا ہے وہ نیکی شمار ہوتی ہے جیسے، راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا، بڑوں کا ادب، چھوٹوں پر شفقت، ہمسائے سے اچھا سلوک، اچھا مشورہ دینا وغیرہ۔

🌷 محرمات کا ترک کرنا:
وہ امور جن سے شریعتِ اسلامیہ نے روکا ہے وہ محرمات کہلاتے ہیں۔ ان کا ترک کرنا بھی وسیلہ ہے۔ گناہ سے خود کو روک لینا بعد میں اس کو وسیلہ بنا کر دعا مانگنا۔

🌴یہ ہیں وہ شرعی وسائل جن کا اختیار کرنا شارع نے پسندیدہ سمجھا ہے۔ ان کی حکمت غالبًا یہ ہے کہ اندر کے انسان کو بدل کر اللہ تعالٰی کو کچھ کر کے دکھائے نہ کہ وہ ذرائع اختیار کرے جن میں انسان کا ذاتی عمل دخل نہ ہو اور وہ محض دوسروں پر انحصار کرتا رہے۔ اللہ ہمیں درست وسائل اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

🌷🌴🌷🌴🌷🌴🌷

🌷 Tilawat Quran e kareem:
Quran majeed ki tialwat ka bara ajar hai. Mafhoom e hadees hai "tum mai sy behtareen wo hai jo quran seekhe or dosro sikhae"

🌷 Zikr o Tasbeeh:
Zikr se murad Allah Taala ka Zikr karna, Tasbeeh ( Subhan Allah) tahleel (La Ilaha illa Allah) wagairah kehna. Zikr behtareen waseelah hai.

🌷 Rasool e Akram ﷺ par darood: ye bhi mashroa wasael mai sy eik hai ba sharte ky ye masnoon ho.

Mafhoom e Hadees;
"Jo shaqs mujh par aik martaba darood parhta hai Allah Taala
Us par das martaba rehmat bhejte hai ". Darood behtareen waseelah hai.

🌷 Istagfaar:
Allah Taala sy magfirat talab karna Allah ky nazdeek aisa mahboob fail hai ky Allah ny is ki tareef apny Quran me yun kiya hai;

(وَ بِالۡاَسۡحَارِ هُمۡ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ (١٨

Tarjuma: "Or sehri ky awqaat me wo istighfaar karty hain."

Mafhoom e Hadees:
"Jisny Istigfaar ki pabandi ki Allah Taàla uski har mushkil ko asaan karengy or har tangi ka raasta nikalen gy or usko wahn se rizq ata farmain gy jo usky guman me bhi na ho"

Nabi ﷺ ka masnoon istaghfaar 🔽

رَبِّ اغْفِرْ وَتُبْ عَلَيَّ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيْم

🌷 Dua:
Beshak dua tamaam waseela mai sy passandida tareen waseelah hai Allah Subhan o Taala ny surah Al Baqarah ma famaya;

(وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیۡ عَنِّیۡ فَاِنِّیۡ قَرِیۡبٌ ؕ اُجِیۡبُ دَعۡوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ ....(١٨٦

Tarjuma;
:Or jab mere bandy mere baare me aap se sawaal karin tu yaqenan mai kareb hi hu, mai pukarne waaly ki dua qabool karta hu jab bhi wo mujhy pukarta hai."

🌷Aik doosry ky liye Dua karna:
Aik musalmaan ka dosry musalman ky liye duaae karna behtareen waseelah hai. Darjaat ki bulandi hoti hai dua bhi qabool hoti hai. Nabi ﷺ bohot logo ke haqq me dua farmaate the.

Mafhoom e Hadees hai. "Jis ny apny bhai ki ghair hazri mai usky liye dua ki to us par maamor farishty kehty hain Ameen or tere liye bhi aisa hi ho"

🌷Asma ul Husna:
Allah Taala ky Naamo ky saath Dua Mangna bhi behtareen waseela hai. Koi musalmaan jo  in naamo sy Dua maange ga na moorad na honga.

Allah ke naamo ky saath dua mangne ka tareeqa;

يا ذَالجَلالِ وَ ألاِكْرام

Mafhoom e Hadees hai "Nabi ﷺ ny aik aadmi ko aisi dua mangty suna to farmaya teri dua zaroor qabool hogayi"

Isi tarah ayat e kareema ko bhi waseelah bana kar dua ki ja sakti hai.

🌷 Neki karna:
Koi bhi kaam jo momin sidq e dil sy Allah ki khatir karta ha wo neki shumar hoti hai jaise, raste sy takleef de cheez ko hatana, baroon ka adab, choton par shafqat, hamsae sy acha salook, acha mashwarah wagairah.

🌷 Moharamat ka tark karna: Wo amoor jin  se shariat e islamiya ne roka hai wo maharamat kehlati hai. Inka tark karna bhi waseelah hai. Gunah se khud ko rok lena baad me usko waseelah bana ky dua mangna.

🌴 Ye hi wo sharai wasael han jinka ikhtyaar karna shareyat ny passandida samjha hai. In ky hukumat ghaliban ye hai ky andar ky insaan ko badal kar Allah Taala ko kuch kar ky dikhain na ky wo zarae ikhtyaar karin jin me insaan ka zaati amal dakhal na ho or wo mehez disron pe inhasaar karta rahe. Allah hamin durst wasail ikhtyaar karny ki taufeeq ata farmae. Ameen.

🌷🌴🌷🌴🌷🌴🌷